سوال

(181)اگرامام مسجد کے دروازے کے اندر کھڑے ہوکر جماعت کرادے اومقتدی سب مسجد کے باہر، جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگرامام مسجد کے دروازے کے اندر کھڑے ہوکر جماعت کرادے اومقتدی سب مسجد کے باہر، جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ صورت جائز ہے بشرطیکہ صفیں ایک دوسری سے متصل ہوں ''ولوقام علی دکان خارج المسجد متصل بالمسجد، یجوز الإقتداء، لکن یشترط اتصال الصفوف، کذافی الخلاصة، ویجوز اقتداء جارالمسجد بایام المسجد وہوفی یتہ، إذالم یکن ینہ وبین المسجد طریق عام، وإن کان طریقا عاما ولکن سدتہ الصفوف، جاز الإقتداء لمن فی یتہ بامام. کذافی التاتارخانیة ناقلا عن الحجة،، (عالمگیری 1 69).

'وإن کانا أی الإمام والمأمون خارجین عن المسجد، أو کان الماموم وحدہ خارجا من المسجد الذی بہ الإمام، ولوبمسجد آخروأمکن الإقتداء صحت صلاة المأموم، إن رأی المأموم أحدہما أی الإمام أوبعض من واء، ولوکانت جمعة فی دارأودکان الإنتقاء المفسد، ووجودا لمفتضی للصحة وہوالرؤیة وإمکان الإقتداء،، الخ (کشف القناع 1 579).

کبتہ عبیداللہ المبارکفوری الرحمانی المدرس بمدرسة دارالحدیث الرحمانیہ بدہلی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1